© rasailojaraid.com



کاروانِ احرار | ادارہ

# مجلس احرارِ اسلام کی رُکنیت سازی مہم

## کارکن اگست ۱۹۹۴ء تک رکنیت سازی مکمل کرلیں۔

### مقامی مجالس کے انتخابات فوراً مکمل کر کے مرکز کو ارسال کریں۔

مجلس احرارِ اسلام کے تمام اراکین و معاونین اور ماتحت شاخوں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مجلس کی رکنیت سازی کی مہم کا آغاز دوماہ پہلے ہو چکا ہے۔ یہ مہم اگست ۱۹۹۴ء تک جاری رہے گی۔ تمام ماتحت مقامی مجالس اپنے انتخابات جلد مکمل کر کے مرکزی دفتر ارسال کریں۔ فارم رکنیت مرکزی دفتر دارِ بنی ہاشم ملتان سے طلب فرمائیں۔ دستورِ جماعت کی کاپیاں مطلوب ہوں تو مرکز سے طلب فرمائیں۔

ذیل میں چند انتخابات شائع کئے جا رہے ہیں۔ آئندہ شماروں میں بھی موصول ہونے والے انتخابات مسلسل شائع کئے جائیں گے۔ (مرکزی ناظم نشرواشاعت)

## انتخاب مجلس احرار اسلام بستی مولویاں (ضلع رحیم یار خان)

مجلس احرار اسلام مولویاں ضلع رحیم یار خان کا انتخابی اجلاس ۶ محرم ۱۴۱۵ھ مطابق ۱۶ جون ۱۹۹۴ء زیر صدارت جناب صوفی محمد اسحٰق صاحب مسجد معاویہ میں منعقد ہوا جس میں تمام حاضر اراکین کے متفقہ فیصلہ سے حسبِ ذیل عہدہ داران منتخب کئے گئے۔

صدر — جناب صوفی محمد اسحٰق صاحب

ناظم — ابو معاویہ فقیر اللہ رحمانی

ناظم نشرواشاعت — حافظ دوست محمد

**اراکین مقامی شوریٰ:**

صوفی محمد اسحٰق صاحب، ابو معاویہ فقیر اللہ رحمانی، حافظ دوست محمد، مولانا عبد الحق صاحب، حافظ ابو مغیرہ عبد الرحیم نیاز، مولانا اللہ بخش، قادر بخش احرار، جام غلام رسول۔

**ضلعی نمائندگان:**

مرکزی نمائندہ صوفی اسحٰق صاحب، ابو معاویہ فقیر اللہ رحمانی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**مرکزی نمائندہ:**

ابومعاویہ فقیر اللہ رحمانی

اجلاس میں تمام اراکین نے فیصلہ کیا کہ علاقہ بھر میں جماعت کی تشکیل و قیام کا کام تیز کر دیا جائیگا۔ اور زیادہ سے زیادہ احباب کو جماعت میں شمولیت کی دعوت دی جائے گی۔

علاوہ ازیں ایک تعزیتی قرارداد کے ذریعے احرار رہنما حضرت مولانا سید فضل الرحمن احرارا کے انتقال پر اظہار غم کیا گیا۔ مولانا کی ملی وقومی اور دینی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ مولانا کے ایصالِ ثواب کے لئے فاتحہ خوانی اور دعا کی گئی اور پسماندگان سے اظہار تعزیت کیا گیا۔

## انتخاب مجلس احرار اسلام بہاولنگر:

مجلس احرارِ اسلام بہاولنگر کے اراکین و معاونین کا اجلاس ۱۳ مئی کو منعقد ہوا اور درج ذیل عہدیدار منتخب کئے گئے۔

صدر: ابومعاویہ حکیم عبدالغفور، ناظم: ابوعکاشہ حافظ محمد رفیق

ناظم نشرواشاعت: ابومعاویہ نذیر احمد اجمیری

سرپرست مقامی جماعت ورکن مرکزی مجلس شوریٰ مولانا حافظ انیس الرحمن۔

اس انتخابی اجلاس میں تمام عہدیداروں نے جماعت کے ساتھ اپنی وفاداری کا اعادہ کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم جماعت کے منشور کی روشنی میں عقیدہ ختم نبوت کی حفاظت اور محاسبہ مرزائیت ورافضیت کے محاذ پر استقامت کے ساتھ جدوجہد کریں گے۔ نومنتخب عہدیداروں نے اپنی تقریروں میں کہا کہ ہمارا مقصد اللہ کی زمین پر اللہ کی حکومت یعنی حکومت الہیہ کا قیام ہے۔ انشاء اللہ ہم اس جدوجہد کو زندگی کے آخری سانس تک جاری رکھیں گے۔

اجلاس میں مرکزی ناظم اعلیٰ قائدِ تحریک تحفظ ختم نبوت سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ کی جماعتی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ اور اکابر احرار کی حق و صداقت پر مبنی پالیسی پر اعتماد کا اظہار کیا گیا۔

آخر میں جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابومعاویہ ابوذر بخاری دامت برکاتہم کی صحت یابی کے لئے دعا کی گئی۔

## انتخاب: مجلس احرار اسلام فیصل آباد:

مجلس احرار اسلام فیصل آباد کے اراکین کا ایک اجلاس ۱۶ اپریل کو محترم صوفی غلام رسول نیازی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں مقامی عہدیداروں کا درج ذیل انتخاب عمل میں آیا۔

صدر: صوفی عصمت اللہ بھٹی

ناظم: اشرف علی احرار

ناظم نشرواشاعت: محمد سرور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**ارکان مقامی مجلس شوریٰ:**

صوفی غلام رسول نیازی، محمد طاہر لدھیانوی، عبدالغنی برقی، مستری محمد سرور، محمد ندیم، حافظ محمد افضل۔

**نمائندگان مرکزی مجلس شوریٰ:**

سید عبدالغنی برقی، اشرف علی احرار۔

اجلاس سے صوفی غلام رسول نیازی، محمد طاہر لدھیانوی، عبدالغنی برقی اور اشرف علی احرار نے خطاب کیا۔ انہوں نے ملک میں عیسائیت و مرزائیت کے بڑھتے ہوئے اثرات پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک مسلمان ملک میں تحفظ ناموس رسالت کے قانون کے خلاف عیسائیوں کا شور شرابا بلا جواز ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں توہینِ رسالت کے جتنے بھی مقدمات درج ہوئے ہیں۔ ان میں ۹۹ فیصد عیسائی ملوث ہیں۔ مرزائی اپنے سر پرست عیسائیوں کے ذریعے ملک میں بد امنی پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلمانوں کا ملک ہے اور مسلمان ہر قیمت پر اپنے دین، تہذیب اور سیاست کا تحفظ کریں گے۔ مقررین نے ملک میں بڑھتی ہوئی روز افزوں مہنگائی کو حکومت کی نااہلی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے ملک میں جرائم بڑھیں گے۔ اور غریب آدمی کا جینا مشکل ہو جائے گا۔

## انتخاب، مجلس احرار اسلام میراں پور تحصیل میلسی

مجلس احرارِ اسلام میراں پور گے اراکین کا ایک اجلاس ۱۵ جون کو منعقد ہوا۔ اجلاس میں مقامی مجلس کے عہدیداروں کا درج ذیل انتخاب عمل میں آیا۔

صدر: حافظ محمد اکرم

نائب صدر: حافظ محمد احمد

ناظم: ماسٹر حاجی محمد

نائب ناظم: جِنڈ وڈا الیاس

ناظم نشرو اشاعت: حافظ ظفر احمد

نائب ناظم نشرو اشاعت: فیاض احمد

مقامی عہدیداروں نے اجلاس میں اپنے اپنے خطاب میں اس عزم کا اظہار کیا کہ ہم مجلس احرارِ اسلام کی ترقی و استحکام کے لئے خلوص نیت کے ساتھ محنت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مجلس کا منشور دینی جدوجہد ہیں ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ مجلس کی تاریخ قربانیوں سے منور ہے اور ہم کفریہ قوتوں کے خلاف آخری وقت تک لڑیں گے۔ (انشاء اللہ)

© rasailojaraid.com